WCI ریاضی والدین اور سرپرستوں کے لیے اکثر پوچھے گئے سوالات

WCI اسکول پیرنٹ کونسل (School Parent Council) نے استاد / طالب علم / والدین کی شراکت میں مواصلات میں مدد کرنے کے لیے اور ریاضی کے شعبے میں اپنے نوعمر بچے کا تعاون کرنے میں والدین کا تعاون کرنے کے لیے WCI والدین کو معلومات فراہم کی ہے۔ اگر اس معلومات کی بابت آپ کے تاثرات یا سوالات ہوں تو براہ کرم اسکول پیرنٹ کونسل سے رابطہ کریں۔

والدین اور طلبہ کے لیے عمومی مواصلتیں

1. میرے بیٹی یا بیٹی کےاستاد کون ہیں؟

اساتذہ کے نام طالب علم کے نظام الاوقات پر مندرج ہیں۔

2. مجھے استاد سے ملاقات کر پانے کے لیے معیاری وقت کون سا ہے؟

آپ استاد سے گریڈ 9 کی شام کو (ستمبر میں) اور والدین و استاد کی شام کو (ہر سہ ماہی میں ایک بار)، مختصر گفتگو کے لیے مل سکتے ہیں۔ آپ فون کال، ای میل ربط، یا ذاتی ملاقات کے لیے باہمی طور پر ایک متفقہ وقت طے کرنے کے لیے کسی بھی وقت استاد سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

3. اگر میرے مزید مخصوص سوالات یا تشویشات ہوں تو کیا ہوگا؟

ملاقات کے وقت کی گزارش کرنے کے لیے آپ اسکول کے فون سسٹم پر وائس میل کے ذریعہ یا عملہ کی فہرست میں مندرج پتے کے ساتھ ای میل کے ذریعہ استاد سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

4. استاد مجھ سے کس طرح رابطہ کر سکتے ہیں؟

آپ WCI کی ویب سائٹ پر اپنا ای میل پتہ فراہم کر کے استاد کے لیے آپ سے رابطہ کرنے کو منظور کر سکتے ہیں (والدین / سرپرست اپنا ای میل پتہ اپنے بچے کی رابطے کی معلومات میں شامل کریں)۔

5. میں اسکول میں پیش آرہی عمومی چیزوں کے بارے میں کس طرح باخبر رہوں؟

آپ اس ویب سائٹ سے گیٹ نیوز (Get News) کے ساتھ WCI ویب سائٹ اپ ڈیٹس کو سبسکرائب کر سکتے اور ایک نگاہ آنے والے ایونٹس پر رکھ سکتے ہیں۔

والدین اور سرپرستوں کے لیے تفصیلی کورس میں تعاون اور ریاضی میں تعاون سے متعلق معلومات

6. میں بالعموم ریاضی کے بارے میں مزید معلومات کہاں سے حاصل کر سکتا ہوں؟

آپ WCI میتھ کی ویب سائٹ http://wci.wrdsb.ca/academics/mathematics/ پریا WCI کے ہوم صفحہ پر فوری لنکس سے لنک کردہ اسکول کونسل کے ویب صفحہ پر معلومات تلاش کر سکتے ہیں۔

7. مجھے کورس کے مشمولات کا علم کیسے ہوگا؟

یہاں پر ایک کورس آؤٹ لائن ہے جو پورے کورس کا خاکہ بیان کرتا ہے؛ یہ کاغذ پر یا الیکٹرانک طریقے سے طالب علم کو مہیا کرایا جا سکتا ہے۔

یہاں پر یونٹ آؤٹ لائنز بھی ہیں جو ہر یونٹ کی تفصیل اور درسی کتاب اور ہوم ورک والے سوالات کے حوالوں کی فہرست فراہم کرتے ہیں۔

یہ کورس اونٹاریو سیکنڈری اسکول (Ontario Secondary School) کے ریاضی کے نصاب پر چلتا ہے، جو اس لنک پر دستیاب ہے۔ http://www.edu.gov.on.ca/eng/curriculum/secondary/math.html

8. میرے بیٹے یا بیٹی کو ریاضی کا کتنا ہوم ورک ملے گا؟

مواد کو جاننے کے لیے، ہوم ورک مکمل کرنا ایک انتہائی اہم چیز ہے جو طالب علم انجام دے گا۔ سہ ماہی نظام کے ساتھ، ہر رات کے لیے ہوم ورک ہونا عام سی بات ہے، چونکہ کلاس کا وقت طویل ہے لہذا کلاس کے دوران بھی ہوم ورک کرنے کا کچھ وقت مل سکتا ہے۔

موقع بموقع، کسی شام کو، ممکن ہے کوئی طالب علم ہوم ورک والے سوال کا جواب دینے پر قادر نہ ہو۔ انہیں زیادہ سے زیادہ ممکنہ حد تک اسے تحریر کر لینا اور اگلے دن یا اگلی کلاس میں استاد سے معلوم کرنا چاہیے۔

یونٹ آؤٹ لائن میں فی سیکشن تفویض کردہ ہوم ورک والے سوالات کی فہرست ہوتی ہے۔ ٹیسٹ یا امتحان سے پہلے سوالات کے ساتھ ایک مخصوص جائزہ والی ورک شیٹ بھی ہو سکتی ہے۔ والدین اپنے بیٹے یا بیٹی سے معلوم کرکے دیکھ سکتے ہیں کہ وہ اپنے ہوم ورک اور جائزہ والے سوالات کر رہے ہیں۔ ذہنی حساب کتاب میں مدد کرنے کے لیے، موقع بموقع طالب علم کیلکولیٹر کی مدد سے مسائل کو حل کرنے کی مشق کر سکتا ہے۔

طالب علم کو کوئی ٹیسٹ واپس ملنے پر، انہیں نتائج کا جائزہ لینا اور ان سے مزید سیکھنا چاہیے۔

اپنے بیٹے یا بیٹی سے بات کریں اور صورتحال سے واقفیت حاصل کریں، لیکن طالب علم اپنے کام کا ذمہ دار ہوتا ہے۔

9. مجھے کیسے پتہ چلے گا کہ میرا بیٹا کورس میں گریڈ کے لحاظ سے کیسی کارکردگی کا مظاہرہ کر رہا/رہی ہے؟

اپنے طالب علم سے بات کرکے اور ان کے ٹیسٹ کے تجربوں کا جائزہ لے کر ان کی صورتحال کو باقاعدہ طور پر سمجھیں۔

رپورٹ کارڈز سہ ماہی کے بیچ میں اور آخر میں جاری کیے جاتے ہیں۔ اگر آپ کو تشویشات لاحق ہوں تو استاد سے رابطہ کریں۔

10. میرے بیٹے یا بیٹی کو ریاضی کے کس کورس کے لیے سائن اپ کرنا چاہیے؟

طالب علم کی ضرورتوں کے لیے تیار کردہ کئی طرح کے انتخابات ہیں۔ اگلے کورس کا انتخاب کرتے وقت، آپ طالب علم کے ریاضی کے موجودہ استاد سے گفتگو کر سکتے یا گائیڈنس (Guidance) محکمے سے بات کر سکتے ہیں۔ ان سطحوں پر کورسیز دستیاب ہیں: اپلائیڈ، اکیڈمک، پری-AP / AP (ایڈوانسڈ پلیسمنٹ)۔

اپنے طالب علم کے لیے ممکنہ راہوں کے مدنظر WCI میتھ کے ویب صفحہ پر WCI میتھ فلو چارٹ (Math Flowchart)بھی دیکھیں۔

11. والدین کی حیثیت سے میرا رویہ ریاضی کے تئیں میرے بیٹے یا بیٹی کے طرز میں کس طرح تعاون کرتا ہے؟

والدین طالب علم کے رویے اور ریاضی میں ان کے طرز پر زبردست اثر ڈال سکتے ہیں۔ ریاضی میں طالب علم کی کوششوں کے تئیں ایک مثبت اور معاون طرز اپنانے کی کوشش کریں۔ نوٹ کر لیں کہ بہت سارے طلبہ اصولوں کی مشق کرکے اور انہیں سمجھ کر ریاضی میں کامیاب ہو سکتے ہیں۔ آپ کے بچے کے ہوم ورک میں ناکام کوششوں میں ان کا تعاون کرنا اور مشق کرنا بھی اہم ہے۔ آپ یہ سمجھنے میں ان کی مدد کر سکتے ہیں کہ *ہم اپنی ناکام کوششوں سے سیکھتے ہیں۔*

طالب علم کے لیے وسائل

12. طلبہ ریاضی میں اضافی مدد کے لیے کہاں جا سکتے ہیں؟

طالب علم کو والدین کی جانب سے اس امر کی حوصلہ افزائی کی ضرورت پڑ سکتی ہے کہ اضافی مدد کے لیے جانا مفید ہے۔

کلاس روم کے استاد اضافی مدد کے لیے ہمیشہ رابطے کا اولین مقام ہوتے ہیں۔ اضافی مدد حاصل کرنے کے لیے طلبہ کے لیے کئی طرح کے وسائل موجود ہیں۔

- کلاس کے دوران استاد
- مدد کے اضافی وقت کے دوران استاد
- VIPE وقفہ کے دوران استاد
- گائیڈنس محکمہ (مطالعہ کی اہلیتیں)
- درستی کتاب
- ہوم ورک کلب
- ہم عمر ساتھی
- آن لائن وسائل اور خاص طور پر http://www.edu.gov.on.ca/elearning/homework.html پر اونٹاریو کی وزارت تعلیم (Ministry of Education) کے ریاضی کے ہوم ورک میں مدد
- ٹیوٹر (شاذ و نادر طور پر، والدین کی پسند پر؛ یونیورسٹیز میں، آن لائن سائٹس پر یا کمرشیل تنظیموں میں ٹیوٹر تلاش کیا جا سکتا ہے۔)

ورژن: اپریل 2016